فوری ریلیز کے لیے: 2024/23/12 **گورنر KATHY HOCHUL**

گورنر HOCHUL (ہوکل) نے ریاست بھر میں پانی کے معیار کے تحفظ کے پروجیکٹس کے لیے $225 ملین سے زیادہ ایوارڈز کیے ہیں

ماحولیاتی انصاف والی کمیونٹیز کو فائدہ پہنچانے والے پروجیکٹس کو $197 ملین ایوارڈ کیے گئے ہیں

پانی کے پرانے بنیادی ڈھانچے کو جدت آمیز کرنے، فاسفورس کے مسائل حل کرنے اور نقصان دہ کائی کے کثرت سے اُگاؤ کی روک تھام کرنے، پینے کے پانی کو محفوظ بنانے اور ممکنہ آلودگی کو روکنے کے لیے فنڈنگ

ایوارڈز کی مکمل فہرست یہاں دستیاب ہے

گورنر Kathy Hochul (کیتھی ہوکل) نے آج اعلان کیا ہے کہ پوری ریاست میں پانی کے معیار میں نمایاں طور پر بہتری لانے کے لیے 165 پروجیکٹس کو $225 ملین سے زیادہ ایوارڈ کیے گئے ہیں۔ ان گرانٹس سے ایسے پروجیکٹس میں معاونت کی جائے گی جو پینے کے پانی کی حفاظت میں مدد گار ہوں گے، پانی کے فرسودہ بنیادی ڈھانچے کو جدید بنائیں گے، نقصان دہ کائی کے پھیلاؤ کے محرکات کی روک تھام کریں گے، اور پوری ریاست کی کمیونٹیز میں آبی ماحولیات کو بہتر بنائیں گے۔ $197 ملین سے زیادہ کی فنڈنگ سے ماحولیاتی انصاف کی ان کمیونٹیز کے لیے پانی کے معیار میں بہتریاں لانے میں معاونت کی جائے گی جو ماحولیاتی آلودگی سے غیر متناسب طور پر متاثر ہو سکتی ہیں۔

"ہر شخص صاف پانی تک رسائی کا حق رکھتا ہے—اسی لیے نیو یارک کی جانب سے ایک جامع حکمت عملی نافذ کی جا رہی ہے تاکہ بنیادی ڈھانچے کی جدت کاریوں اور تبدیلی کے لیے فنڈز فراہم کیے جا سکیں اور دیگر طویل مدتی سرمایہ کاریاں کی جا سکیں جو آبی ذخائر کے دیرپا تحفظ کو یقینی بنائیں،" **گورنر Hochul (ہوکل) نے کہا۔**"طویل عرصے سے ماحولیاتی آلودگی کے اثرات کا بوجھ برداشت کرنے والی ماحولیاتی انصاف کی کمیونٹیز پر توجہ مرکوز کرنے سے ان تاریخی طور پر نظر انداز ہونے والی کمیونٹیز کی مزید معاونت میں مدد ملے گی کیونکہ ہم آنے والی نسلوں کے لیے ان کی صحت کے تحفظ کو یقینی بنا رہے ہیں۔"

ریاست نیو یارک کے محکمۂ ماحولیاتی تحفظ (Department of Environmental Conservation, DEC) کے پانی کے معیار کو بہتر بنانے کے پروجیکٹ (Water Quality Improvement Project, WQIP) کے گرانٹ پروگرام کے ذریعے، یہ پروجیکٹس پانی کے معیار یا آبی رہائشی ماحول کو براہ راست بہتر بنائیں گے، سیلاب کے خطرے میں کمی، بحالی کے کام کو فروغ دیں گے، سیلابوں اور موسمیاتی تبدیلیوں کا مقابلہ کرنے کی صلاحیت بڑھائیں گے، یا پینے کے پانی کے کسی منبع کی حفاظت کریں گے۔ غیر زرعی نان پوائنٹ سورس پلاننگ اور میونسپل سیپریٹ اسٹارم سیور سسٹم میپنگ گرانٹ (Non-Agricultural Nonpoint Source Planning and Municipal Separate Storm Sewer System Mapping Grant, NPG) کے ذریعے اضافی پروجیکٹس کے تحت غیر زرعی نان پوائنٹ سورس کے پانی کے معیار کو بہتر بنانے والے پروجیکٹس کی ابتدائی منصوبہ بندی میں معاونت کی جائے گی، مثلاً انٹرسائزڈ کلورٹ کی تبدیلی اور سرسبز بنیادی ڈھانچے کی ٹیکنالوجیز، اور شہری علاقوں میں لازمی ریاستی پرمٹ والی طوفانی سیور کی میپنگ۔ یہ پروجیکٹس جھیلوں، دریاؤں، اور ندی نالوں میں

داخل ہونے والے آلودہ طوفانی پانی کی مقدار کو کم کریں گے اور موسمیاتی اثرات کے خلاف پائیداری میں بہتری لائیں گے۔

محکمۂ ماحولیاتی تحفظ (Department of Environmental Conservation) کے عبوری کمشنر Sean Mahar (شان مہار) نے کہا، "گورنر Hochul (ہوکل) کی قیادت میں، نیو یارک کی جانب سے صاف پانی میں سرمایہ کاریوں کو مسلسل ترجیح دی جا رہی ہے۔ آج کے 225$ ملین سے زیادہ کے ایوارڈ سے صحت عامہ اور ماحولیات کے تحفظ کے لیے اہم پروجیکٹس کی معاونت کی جائے گی۔ مزید برآں، یہ ڈالرز پسماندہ کمیونٹیز میں پانی کے بنیادی ڈھانچے میں بہتریوں کے اقدامات کو آگے بڑھانے والی سرمایہ کاریوں پر مرکوز ہیں، تاکہ اس فنڈنگ کو وہاں استعمال کیا جا سکے جہاں یہ سب سے زیادہ فائدہ پہنچا سکے اور سب سے زیادہ ضرورت مند علاقوں کی مدد کی جا سکے۔"

WQIP اور NPG، علاقائی اقتصادی ترقیاتی کونسل اقدام (Regional Economic Development Council Initiative) کے راؤنڈ XIV کا حصہ ہے۔ REDC کا عمل علاقائی شراکت داروں کی معاونت اور انہیں بااختیار بنانے کا عمل جاری رکھے ہوئے ہے تاکہ ایسے سٹریٹیجک منصوبے تشکیل دیے جا سکیں اور ترجیحات کو فنڈ فراہم کیا جا سکے جو مقامی اقتصادی ضروریات کو پورا کریں۔ درخواست دہندگان نے نیو یارک کی منظم فنڈنگ کی درخواست (New York's Consolidated Funding Application) استعمال کی ہے، جو کہ ریاستی وسائل کے سلسلے میں ریاست کی واحد درخواست ہے، اور اس میں متعدد ایجنسیوں کے پروگرامز شامل ہیں۔ اسے درجنوں موجودہ پروگراموں کی جانب سے گرانٹ فنڈز اور ٹیکس کریڈٹس کے مشترکہ مجموعے تک تیز تر اور درست سمت میں رسائی کی فراہمی کے لیے ڈیزائن کیا گیا ہے۔

WQIP ایوارڈ کے اس راؤنڈ کو ریاست کے تحفظ ماحولیات فنڈ (Environmental Protection Fund, EPF)، کلین واٹر انفراسٹرکچر ایکٹ (Clean Water Infrastructure Act, CWIA)، کلین واٹر، کلین ایئر، گرین جابز انوائرمنٹل بانڈ ایکٹ برائے 2022 (بانڈ ایکٹ)، اور امریکی ماحولیاتی تحفظ کی ایجنسی (U.S. Environmental Protection Agency, EPA) کے ذریعے دو طرفہ بنیادی ڈھانچے کے قانون (Bipartisan Infrastructure Law) کی فنڈنگ کی جانب سے معاونت دی گئی ہے۔

سینیٹ کے اکثریتی لیڈر Charles Schumer (چارلس شومر) نے کہا، "پینے کے صاف پانی اور جدید پانی کے نظاموں تک رسائی بنیادی اہمیت رکھتی ہے۔ اب، ہمارے دو طرفہ بنیادی ڈھانچے اور ملازمتوں کے قانون اور لیک چیمپلین بیسن پروگرام (Lake Champlain Basin Program) کی بدولت، گلینز فالز اور لانگ آئی لینڈ ساؤنڈ کو صاف رکھنے کے لیے 3.4$ ملین کی وفاقی فنڈنگ فراہم کی جا رہی ہے۔ ان فنڈز سے کمیونٹیز کو وہ وسائل فراہم کیے جائیں گے جو انہیں پینے کے پانی کے تحفظ، نکاسیٔ آب کے نظام کو بہتر بنانے، اور سیلاب سے بچاؤ کے لیے درکار ہیں، جبکہ روزگار کے مواقع پیدا کرنے میں بھی مدد کریں گے۔ میں اس اہم بڑے فنڈ کی فراہمی پر فخر محسوس کرتا ہوں اور ہماری ریاست کے پانی کے بوسیدہ بنیادی ڈھانچے کو بہتر بنانے، نیو یارک کے شہریوں کے لیے اچھے معاوضے والی ملازمتیں پیدا کرنے، اور ہماری کمیونٹیز کو محفوظ اور صحت مند رکھنے کی جدوجہد میں معاون ثابت ہونے والی گورنر Hochul (ہوکل) کی شراکت داری پر شکر گزار ہوں۔"

WQIP پروجیکٹس میں میونسپل ویسٹ واٹر ٹریٹمنٹ اپ گریڈز، غیر زرعی نان پوائنٹ سورس کی تخفیف اور کنٹرول، پانی کے سورس کے تحفظ کے لیے زمین کے حصول کے پروجیکٹس، نمک کے ذخائر کی تعمیر، MS4 علاقوں کے لیے ویکیوم ٹرکس، ڈیم کی حفاظتی مرمت، نو بحالی کا کام اور ڈیم ہٹانا، آبی رابطے کی بحالی، سمندری ماحولیاتی نظام کی بحالی، اور مچھلی اور جنگلی حیات کے رہائشی ماحولیاتی نظام کی بحالی اور بہتری شامل ہے۔ ریاست نیو یارک کی جانب سے ایسے پروجیکٹس کی فنڈنگ کو مسلسل ترجیح دی جا رہی ہے جو نقصان دہ کائی (harmful algal blooms, HABs) کی کثرتِ افزائش کو کم کرنے میں مدد دے سکتے ہیں۔

WQIP اور NPG کی جانب سے ایوارڈ شدہ گرانٹس کا تقریباً نصف، جو کہ کُل تقریباً 102$ ملین بنتے ہیں، ان کو واٹر شیڈز میں ایسے پروجیکٹس کی معاونت پر خرچ کیا جائے گا جہاں پچھلے پانچ سالوں میں HABs کا مسئلہ درپیش رہ چکا ہے یا DEC HABs ایکشن پلان میں شناخت کردہ کسی پروجیکٹ کے عمل درآمد میں مدد دی جائے

گی۔ نمک کے مناسب ذخیرے کے لیے اور سڑک کے نمک کو کم کرنے کے لیے بہترین انتظامی طریقوں کو نافذ کرنے پر کُل $15 ملین خرچ کیے جائیں گے۔

ایڈیرونڈیک روڈ سالٹ ریڈکشن ٹاسک فورس (Adirondack Road Salt Reduction Task Force) کی جانب سے سفارش کے مطابق، DEC اور ریاستی محکمۂ آمد و رفت (Department of Transportation, DOT) نے صحتِ عامہ اور ماحولیات کے تحفظ کے لیے سڑک کے نمک کے استعمال کو کم کرنے والی سرگرمیاں شامل کرنے کے لیے تعاون کیا، جن سرگرمیوں میں برائن تیار کرنے والے آلات، برائن ذخیرہ کرنے کے ٹینکس، اور سنو پلوز کو لائیو ایج یا سیگمنٹڈ فلو بلیڈز، پلو گارڈز، ٹرک پر نصب برائن پھیلانے والے آلات، اور GPS سینسرز سے لیس کرنا شامل ہے۔

پروجیکٹ کے نمایاں پہلو

WQIP کے ایوارڈ یافتگان کی مکمل فہرست www.dec.ny.gov/get-involved/grant-applications/wqip-program پر دیکھی جا سکتی ہے اور 127 WQIP پروجیکٹس اور 38 NPG پروجیکٹس کے منتخب نمایاں پہلوؤں میں مندرجہ ذیل شامل ہیں:

لانگ آئیلینڈ

شیلٹر آئی لینڈ کا ٹاؤن - پانی کے ذخائر کے اندر موجود غذائی اجزاء کے کنٹرول کے لیے $260,000

یہ ٹاؤن، فریش پونڈ میں پانی کے ذخائر کے اندر کنٹرولز نصب کرے گا، جو زیر زمین پانی اور طوفانی پانی سے بھرا ہوا ایک کیٹل پونڈ ہے۔ اس پروجیکٹ سے، ہائپولیمنٹک نکاسی کے ذریعے پونڈ کے رسوب سے فاسفورس کو ہٹا کر اور صاف شدہ پانی کو دوبارہ پونڈ میں واپس لاتے ہوئے، پانی کے معیار کو اندرونی طور پر بہتر بنایا جائے گا۔

نیو یارک سٹی

نیو یارک شہر کا محکمۂ ماحولیاتی تحفظ - مشترکہ سیوریج کے بہاؤ میں کمی کے لیے $15 ملین

نیو یارک شہر کے محکمۂ ماحولیاتی تحفظ کی جانب سے ہنٹس پوائنٹ سیوریج کے نکاسی کے راستے میں بہتریوں کے اقدامات تعمیر کیے جائیں گے تاکہ مشترکہ سیوریج کے بہاؤ میں کمی لائی جا سکے اور برونکس دریا کے پانی کے معیار کو بہتر بنایا جا سکے۔

1653 فاؤنڈیشن، انکارپوریٹڈ - قدرتی مسکن کی بحالی کے لیے $549,955

1653 فاؤنڈیشن، ہنٹنگٹن ہاربر کے مشرقی ساحل پر واقع ہیل سائٹ پارک کی خستہ حال ہوتی ہوئی ساحلی پٹی کو بحال کرے گی۔ اس پروجیکٹ میں کم گہرے پانی کے ماحولیاتی نظام کو وسعت دینے کے لیے بوسیدہ ہوتی ہوئی سمندری دیوار ہٹائی جائے گی، ایک چٹان کی ماورائے ساحل سِل اور اوئسٹر ریف نصب کی جائے گی، اور نمکین دلدلی پودوں اور بلند زمین کے پودوں میں توسیع کی جائے گی۔

مڈ ہڈسن

ریور کیپر، انکارپوریٹڈ - ڈیم ہٹانے کے لیے $2,500,000

ریور کیپر ہائی لینڈ کے ٹاؤن میں واقع کرسٹل لیک ڈیم ہٹانے کا کام کریں گے۔ ڈیم کو ہٹانے سے نیچے کی طرف واقع گھر، سڑکیں، اور ریل روڈ ممکنہ سیلاب سے محفوظ ہو جائیں گے۔

ویسٹ چیسٹر لینڈ ٹرسٹ، انکارپوریٹڈ - کروٹون پینے کے پانی کے تحفظ کے لیے $1,610,846

نیو یارک شہر کے پینے کے پانی کے ذرائع کے تحفظ کے لیے 200 ایکڑ سے زیادہ زمین حاصل کی جائے گی۔ ویسٹ چیسٹر لینڈ ٹرسٹ کی جانب سے پانی کے ذرائع کے تحفظ میں معاونت کے لیے ساؤتھ ایسٹ کے ٹاؤن میں غیر تیار شدہ جنگلاتی زمین کے قطعات حاصل کیے جائیں گے۔

نیو کیسل ٹاؤن- نئے ویکیوم ٹرک کے لیے $325,000

نیو کیسل ایک ویکیوم ٹرک خریدے گا تاکہ کیچ بیسنز کو موجودہ آلات سے زیادہ تیزی سے صاف کیا جا سکے۔ نئے ٹرک میں بیسن کی صفائی میں مدد کرنے کی اضافی صلاحیت اور اٹیچمنٹس موجود ہوں گے، جس سے ٹاؤن اپنی MS4 پرمٹ کی ذمہ داریاں پوری کر سکے گا۔

دارالحکومتی علاقہ

وارن کاؤنٹی کا مٹی اور پانی کے تحفظ کا ڈسٹرکٹ - سڑک کے کناروں کے کٹاؤ اور رسوب کی روک تھام کے لیے $141,200

وارن کاؤنٹی کی طرف سے کاؤنٹی میں سڑک کے کنارے کٹاؤ اور رسوب پر قابو پانے کا پروگرام نافذ کیا جائے گا۔ اس پروگرام کے تحت ہائیڈرو ملچنگ استعمال کرتے ہوئے کھائیوں میں ایک اندازے کے مطابق 15 ایکڑ کی سادہ مٹی کی سڑک پختہ کی جائے گی اور اکھیڑا ہوا رسوب اور ملبہ ہٹایا جائے گا۔ اس کام سے کٹاؤ میں کمی آئے گی اور جھیل جارج اور اپر ہڈسن واٹرشیڈز میں پانی کے معیار کی حفاظت کی جائے گی۔

نارتھ کنٹری

روم سٹی - ڈیم کی نو بحالی کے لیے $1 ملین

روم کی جانب سے ہوئیڈ ڈیم کو مستحکم اور مرمت کیا جائے گا، جو روم اور دیگر کمیونٹیز کے لیے پانی کی بنیادی فراہمی کو روکتا ہے۔ مرمتوں کے کام میں کنکریٹ کا کام اور مٹی کے ڈیک میں بہتریاں کرنا شامل ہو گا۔

سینٹ آرمنڈ ٹاؤن - گندے پانی کی صفائی کی سہولت گاہ میں بہتری لانے کے لیے $1 ملین

یہ ٹاؤن، جراثیم کشی سسٹم شامل کرتے ہوئے سمر بروک اور دریائے ساراناک کے پانی کے معیار کو بہتر بناتے ہوئے اپنی گندے پانی کی صفائی کی سہولت گاہ کو اپ گریڈ کرے گا۔

موہاک ویلی

سٹارک ٹاؤن - نمک ذخیرہ کرنے کی نئی سہولت گاہ کے لیے $500,000

سٹارک ٹاؤن نمک ذخیرہ کرنے کی ایک عمارت تعمیر کرے گا تاکہ ان کے موجودہ نمک کے کھلے ڈھیر کو چھت کے نیچے رکھا جا سکے۔ یہ عمارت اوٹسکواگو کریک اور دریائے موہاک واٹرشیڈ کی حفاظت کرے گی۔

اونیونٹا ٹاؤن - مچھلیوں کی گزرگاہ کو دوبارہ منسلک کرنے کے لیے $337,600

یہ ٹاؤن، اونیونٹا کریک پر دو چھوٹے اور بلند پلوں کو تبدیل کرے گا۔ ان تبدیلیوں سے سیلابی مزاحمت کو فروغ دینے اور دریائے سسکویہینا کے ہیڈ واٹرز میں آبی حیاتیات کے گزرنے کے عمل کو بحال کرنے کے لیے بہاؤ کی صلاحیت میں اضافہ کیا جائے گا۔

وسطی نیو یارک

کایوگا کاؤنٹی کا مٹی اور پانی کے تحفظ کا ڈسٹرکٹ - ساحلی کنارے کے استحکام کے لیے $400,000

کایوگا کاؤنٹی میں مٹی اور پانی کے تحفظ کا ڈسٹرکٹ، ایک ساحلی استحکام کا پروجیکٹ مکمل کرے گا، جس کے تحت اسپرنگ پورٹ اور اوریلیس کے قصبوں میں 3,000 فٹ ساحلی پٹی کو مستحکم اور محفوظ بنایا جائے گا۔ اس پروجیکٹ سے کایوگا جھیل میں کٹاؤ اور غذائی اجزاء کے بہاؤ میں کمی آئے گی۔

جنوبی سلسلہ

چیمنگ کاؤنٹی - گندے پانی کی صفائی کے بنیادی ڈھانچے میں غذائی اجزا کی کمی کے لیے $10 ملین

چیمنگ کاؤنٹی، بڑے چیمنگ کاؤنٹی سیور ڈسٹرکٹ کنسولیڈیشن (Chemung County Sewer District Consolidation) پروجیکٹ کے تحت اپ گریڈ کے کام مکمل کرے گی، جس میں لیک اسٹریٹ گندے پانی کی صفائی کے پلانٹ (Lake Street Wastewater Treatment Plant, WWTP) کو بند کرنا اور اس بہاؤ کو ملٹن اسٹریٹ WWTP کی طرف منتقل کرنا شامل ہے۔ اس پروجیکٹ سے دریائے سسکویہینا اور چیساپیک بے واٹرشیڈ میں داخل ہونے والے غذائی اجزاء کی مقدار کم ہو جائے گی۔

ویورلی ویلیج - ڈرائی بروک اسٹریم کوریڈور کی تشخیص کے لیے $75,000

ویورلی ویلیج کی جانب سے ڈرائی بروک کا ایک جامع اسٹریم کوریڈور جائزہ لیا جائے گا، جہاں ندی کے کٹاؤ زدہ کنارے اور حفاظتی دیواروں کی وجہ سے گھر اور عوامی بنیادی ڈھانچے کو خطرہ لاحق ہے۔ اس جائزے کے تحت ندی کنارے کے کٹاؤ کے علاقوں کی فہرست مرتب کی جائے گی تاکہ رسوب کے بہاؤ کو کم کرنے اور عوامی تحفظ کو یقینی بنانے کے پروجیکٹس نافذ کیے جا سکیں۔

فنگر لیکس

ڈکس ان لمیٹڈ، انکارپوریٹڈ - دلدلی علاقوں کی بحالی کے لیے $252,436

ڈکس ان لمیٹڈ، انکارپوریٹڈ کی جانب سے موراویا کے ٹاؤن کے قریب اوواسکو فلیٹس جنگلی حیات کے انتظامی علاقے میں ایک دلدلی علاقے کو بحال کیا جائے گا۔ اس پروجیکٹ سے نقل مکانی کرنے والے پرندوں اور دیگر جنگلی حیات کے لیے مسکن میسر آئے گا، ندی کے نیچے کی سمت سیلاب کے اثرات کو کم کرنے میں مدد ملے گی، اور پانی کا معیار بہتر بنایا جائے گا۔

اونٹاریو کاؤنٹی کا مٹی اور پانی کے تحفظ کا ڈسٹرکٹ - سڑک کے نمک میں کمی کے لیے $250,000

اونٹاریو کاؤنٹی مٹی اور پانی کے تحفظ کے ڈسٹرکٹ کی جانب سے نمک کے استعمال کو کم کرنے کے لیے لائیو ایج پلو بلیڈز، سالٹ ایپلیکیشن کنٹرول ڈیوائسز، اور موسم کی نگرانی کا سامان خریدا جائے گا۔ یہ پروجیکٹ فنگر لیکس واٹرشیڈ میں پانی کے معیار کی حفاظت کرے گا۔

مغربی نیو یارک

مینا ٹاؤن - گندے پانی کی صفائی کی سہولت گاہ اور جمع کاری نظام میں بہتری لانے کے لیے $10 ملین

یہ ٹاؤن گندے پانی کی صفائی کی ایک نئی سہولت گاہ اور سینیٹری سیوریج اکٹھا کرنے کا نظام تعمیر کرے گا تاکہ ناکام ہوتے ہوئے مقامی نظاموں سے املاک کو الگ کیا جا سکے۔ اس پروجیکٹ سے فنڈلی جھیل میں داخل ہونے والے فاسفورس کی مقدار کم ہو جائے گی۔

ایری کاؤنٹی – مغربی نیو یارک اسٹارم واٹر کوالیشن انٹرمیڈیٹ میپنگ کے لیے $400,000

ایری کاؤنٹی کی جانب سے مغربی نیو یارک اسٹارم واٹر کوالیشن MS4 کے علاقوں کی نقشہ سازی کا عمل انجام دیا جائے گا۔ یہ پروجیکٹ ایری اور نیاگرا کاؤنٹیز بھر میں MS4 علاقوں کے درمیانی عناصر کی نقشہ سازی مکمل کرنے پر توجہ مرکوز کرے گا۔

فنڈنگ کے ذرائع

بنیادی طور پر بانڈ ایکٹ، EPF، اور CWIA کے ذریعے اس راؤنڈ کے WQIP ایوارڈز کی معاونت کی گئی تھی؛ جبکہ EPF کے ذریعے NPG کی معاونت کی گئی تھی۔ گورنر Hochul (ہوکل) کے 2024-25 کے نافذ شدہ بجٹ میں EPF کو ایک تاریخی سطح یعنی $400 ملین پر برقرار رکھا گیا ہے۔ EPF اہم ماحولیاتی پروگرامز کے لیے فنڈ فراہم کرتا ہے جیسے کہ زمین کا حصول، زرعی اراضی کا تحفظ، HABs میں کمی، ناگوار کیڑوں کی روک تھام اور خاتمہ، تفریحی رسائی میں اضافہ، پانی کے معیار میں بہتری لانا، اور ماحولیاتی انصاف کا مضبوط ایجنڈا۔ لانگ آئی لینڈ ساؤنڈ اسٹڈی (Long Island Sound Study) نے دو جماعتی بنیادی ڈھانچے کے قانون کے ذریعے فنڈنگ فراہم کی، اور لیک چیمپلین بیسن پروگرام نے EPA کے ذریعے فنڈنگ فراہم کی، جو اس پیکیج میں شامل کئی پروجیکٹس میں معاونت کرتی ہے۔

صاف پانی کے حوالے سے نیو یارک کا عزم

رائے دہندگان سے منظور شدہ $4.2 بلین کا یہ بانڈ ایکٹ، پانی کے پرانے بنیادی ڈھانچے کو اپ ڈیٹ کرنے اور پانی کے معیار کی حفاظت کرنے، شدید طوفانوں اور سیلاب کا سامنا کرنے کے سلسلے میں کمیونٹیز کی صلاحیت کو مضبوط بنانے، فضائی آلودگی اور آب و ہوا میں تبدیلی پیدا کرنے والے اخراج میں کمی لانے، رہائشی ماحولیات کی بحالی، اور بیرونی جگہوں اور مقامی فارموں کو محفوظ کرنے کے لیے، فنڈنگ کی تاریخی سطح میں اضافہ کر رہا ہے۔ ان سرمایہ کاریوں سے فائدہ اٹھانے اور مقامی حکومتوں کے ساتھ جاری ہم آہنگی کو یقینی بنانے کے لیے، گورنر نے گزشتہ سال کمیونٹی اسسٹنس ٹیمز (Community Assistance Teams) اقدام کا آغاز کیا تھا تاکہ چھوٹی، دیہی، اور پسماندہ کمیونٹیز کو فعال انداز میں رسائی فراہم کی جائے اور صاف پانی کے بنیادی ڈھانچے کی ضروریات

پوری کرنے کے لیے مالی امداد تک رسائی حاصل کرنے میں ان کی مدد کی جائے۔ مزید معلومات کے لیے، efc.ny.gov/CAT ملاحظہ کریں۔

مستحکم فنڈنگ کی درخواست کے بارے میں

فنڈنگ کی یکجا درخواست (Consolidated Funding Application, CFA) گرانٹ کی درخواست کے عمل کو ہموار اور تیز کرنے کے لیے بنائی گئی تھی۔ CFA کا عمل، افسر شاہی کے عمل دخل میں کمی اور استعداد کار میں اضافے کو یقینی بناتے ہوئے ریاستی وسائل کے تعین میں نمایاں بنیادی منتقلی سرانجام دیتا ہے، تاکہ مقامی اقتصادی ترقی کی ضروریات کو پورا کیا جا سکے۔ CFA اقتصادی ترقی کی فنڈنگ تک رسائی کے لیے واحد داخلہ جاتی مقام کی حیثیت کا حامل ہے، اور درخواست دہندگان کے لیے اس امر کو یقینی بناتا ہے کہ انہیں بنا کسی اشتراکی طریقہ کار کے متعدد ایجنسیوں اور وسائل کی تلاش کے عمل میں مزید سست روی کا سامنا نہ ہو۔ اب، اقتصادی ترقیاتی پروجیکٹس CFA کو ایک درخواست کے ذریعے ریاستی فنڈنگ کے متعدد ذرائع تک رسائی کے لیے معاون طریقۂ کار کے طور پر استعمال کرتے ہیں، جس سے اس عمل کو تیز تر، نسبتاً آسان اور زیادہ نتیجہ خیز بنایا جاتا ہے۔ CFA کے بارے میں مزید یہاں معلوم کریں۔

علاقائی اقتصادی ترقیاتی کونسلز کے بارے میں

علاقائی اقتصادی ترقیاتی کونسل انیشئیٹو (Regional Economic Development Council initiative) ریاستی سرمایہ کاری اور اقتصادی ترقی کے لیے ریاست کے لائحہ عمل کا ایک اہم جزو ہے۔ سنہ 2011 میں، 10 علاقائی کونسلیں اپنے علاقوں کے لیے اقتصادی ترقی کے لیے طویل مدتی تزویراتی منصوبے تیار کرنے کے لیے قائم کی گئی تھیں۔ کونسلیں سرکاری و نجی شراکت داری ہیں جو مقامی ماہرین اور کاروباری، تعلیمی، مقامی حکومت، اور غیر سرکاری تنظیموں کے حصہ داروں پر مشتمل ہوتی ہیں۔ علاقائی کونسلوں نے کمیونٹی میں قائم شدہ، نچلے درجے کے نقطۂ نظر اور ریاستی وسائل کے لیے مسابقتی عمل کو قائم کرتے ہوئے، ملازمتوں اور اقتصادی ترقی میں نیویارک کے سرمایہ کاری کرنے کے طریقے کو نئے سرے سے متعین کیا ہے۔ regionalcouncils.ny.gov پر مزید معلوم کریں۔

###

مزید خبریں www.governor.ny.gov پر دستیاب ہیں
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418
گورنر آفس سے اپ ڈیٹس کے لیے سائن اپ کریں: ny.gov/signup | 81336 پر NEW YORK ٹیکسٹ کریں

ان سبسکرائب کریں